عاکف سعید

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# حرفِ اوّل

قارئین کے علم میں ہے کہ ماہنامہ "حکمتِ قرآن" مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کا ترجمان ہے۔ اس اعتبار سے چاہیئے تو یہ تھا کہ ماہ بماہ انجمن کی سرگرمیوں اور کارکردگی کی تفصیلات کو اس پرچے میں شائع کیا جاتا اور اسے اراکین انجمن سے رابطہ کا ایک مستقل ذریعہ بنایا جاتا۔ لیکن اسے ہماری کوتاہی کہیئے کہ ایسا نہ ہوا۔ تاہم "دیر آید درست آید" سے حوصلہ پکڑتے ہوئے یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ آئندہ سے انجمن کی کارکردگی اور سرگرمیوں کی تفصیلات خصوصاً سالانہ رپورٹ کو باقاعدہ طور پر "حکمتِ قرآن" میں شائع کیا جائے گا۔ اور انجمن کے اُن تمام اراکین کو جو اپنا زرِ تعاون باقاعدگی سے ادا کر رہے ہیں ہر ماہ اعزازی طور پر "حکمتِ قرآن" بھیجا جائے گا تاکہ یہ پرچہ نہ صرف یہ کہ وابستگان انجمن کے علمی افادے کا ذریعہ بنے، بلکہ اضافی طور پر اس کے ذریعے اُن سے مستقل رابطے کی صورت بھی بن جائے۔

زیرِ نظر شمارے سے اس فیصلے پر عملدرآمد کا آغاز کیا جا رہا ہے۔ چنانچہ یہ شمارہ تمام اراکینِ انجمن کو ارسال کیا جا رہا ہے اور اس میں انجمن کی وہ سالانہ رپورٹ بھی شامل ہے جو امسال انجمن کے سالانہ اجتماع کے موقع پر پیش کی گئی تھی۔

id.com